# مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے کے قابض مودی سرکار کے 5 اگست 2019 کے اقدام پر بھارتی سپریم کورٹ کا فیصلہ

## پاکستان تحریک انصاف نے بھارتی سپریم کورٹ کے فیصلے کو ظالمانہ، عالمی قانون کی حرمت اور اہلِ کشمیر کے بنیادی حقِ خودارادیت کے خون کی عدالتی کوشش قرار دے کر مسترد کردیا

12 دسمبر 2023

- مودی سرکار کی انتہا پسند ہندوتوا ذہنیّت بھارت کی پوری ریاست پر غالب آچکی ہے۔
- مودی سرکار کے پاس مقبوضہ جموں و کشمیر کی دستوری حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی کا اختیار تھا نہ بھارتی سپریم کورٹ اس ظالمانہ قبضے کو سندِ جواز مہیّا کرنے کی مجاز تھی۔
- اہلِ کشمیر کی دہائیوں پر محیط حقِ خودارادیت کی بے مثال جدوجہد انتہا پسند بھارت کے مقبوضہ جموں و کشمیر پر ظالمانہ قبضے کیخلاف مزاحمت کی علامت ہے۔
- سلامتی کونسل کی قراردادوں کی رو سے جموں و کشمیر ایک عالمی تنازعہ ہے جس کی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی اقوامِ عالم سے بھارت کے کئے گئے وعدوں سے انحراف بھی مجرمانہ کوشش ہے۔
- اگست 5 کے مودی سرکار کے یکطرفہ اقدام پر اہلِ کشمیر کی حقِ خودارایت کی جدوجہد میں نہایت شدت اور تیزی آئی۔
- اہلِ کشمیر نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی کی بھارتی کوشش کو پوری شدت سے مسترد کیا۔

- بھارتی سپریم کورٹ نے عدل و انصاف کا علم بلند کرنے کی بجائے کشمیر پر بھارتی قبضے اور مقبوضہ وادی میں کشمیریوں کی نسل کشی، آبادی کے تناسب میں جبراً تبدیلی جیسے مکروہ اور مجرمانہ اقدامات کو تحفظ فراہم کیا ہے۔
- بانی چیئرمین عمران خان کے ویژن کی روشنی میں تحریک انصاف مودی سرکار کے قبضے کو ریاستی جواز مہیا کرنے کا بھارتی سپریم کورٹ کا فیصلہ پوری طرح مسترد کرتی ہے۔
- بھارتی سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد اہلِ کشمیر کی مزاحمت میں شدت کے امکانات ہیں جس کے خطے پر نہایت منفی اثرات کا بھی اندیشہ ہے۔
- عالمی برادری اہلِ کشمیر سے کئے گئے وعدے ایفا کرتے ہوئے قابض بھارت سرکار اور بھارتی سپریم کورٹ کے مابین ملی بھگت سے کشمیریوں کو دائمی غلام بنانے کی کوششوں کا نوٹس لے۔
- حکومتِ پاکستان اس سنگین نوعیت کے معاملے پر زبانی بیان بازی سے آگے نکلے اور اقوامِ متحدہ، یورپی یونین، او آئی سی سمیت تمام ممکنہ فورمز کو بھارتی جارحیت کی راہ روکنے کیلئے استعمال کرے۔
- تحریک انصاف حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے اہلِ کشمیر کی منصفانہ و بے مثال جدوجہد کی بھرپور سیاسی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk